# منصب کے امور اور اہلیت
(Job Description & Specification)

| JOB/MCAK/04 | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| کام کرنے کی جگہ (Workplace) | ڈسٹرکٹ | | شعبہ (Department) | مدنی چینل عام کریں |
| منصب (Designation) | ڈسٹرکٹ ذمہ دار | | جوابدہ (Report to) | ڈویژن ذمہ دار |
| کام (Function) | مختلف مقامات پر مدنی چینل چلوانا اور آنے والے مسائل حل کرنا/کروانا | | ماتحت اسٹاف (Subordinate Staff) | تحصیل ذمہ داران |

## منصب کے کام - Job Description

1. ڈسٹرکٹ سطح پر شعبے کے تمام کاموں کی نگرانی (Supervision) کرنا اور نگران کو مکمل معاونت و معلومات (Information) فراہم کرنا۔
2. اپنا پیشگی و عملی جدول اپنے نگران کو پیش کرنا نیز پیشگی جدول بنانے میں ماتحتوں کی رہنمائی کرنا اور جدول چیک کرنا۔
3. طے شدہ نظام کے مطابق مدنی مشورے کرنا، مدنی مشوروں میں تیاری کیساتھ اول تا آخر شرکت کرنا اور طے ہونے والے مدنی پھولوں کے اَہداف مکمل کرنا/کروانا۔
4. اہل ذمہ داران کا تقرر کرنا، ذمہ داران کو فعال رکھنا، تقرری و تبدیلی کا ریکارڈ اپ ڈیٹ رکھنا نیز تقرری کا ہر ماہ جائزہ لینا۔
5. شعبے سے متعلقہ ذمہ داران اور دیگر شخصیات کے گھروں اور دفاتر میں مدنی حلقے لگانا۔
6. شخصیات کو دعوت اسلامی کے اداروں (فیضانِ مدینہ (مدنی مراکز) جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ، دارالمدینہ اور دارالافتاء اہلسنت وغیرہ) کا وزٹ کروانا۔
7. ایسے علاقے/شہر/ادارے وغیرہ جہاں مدنی چینل نہیں چلتا یا منتقلی (Transmission) میں خرابی ہو وہاں مدنی چینل چلوانا اور خرابی کو دُور کروانا۔
8. مدنی چینل کی مارکیٹنگ (اسٹیکرز، بل بورڈز، پینافلیکسز، سوشل میڈیا پیجز اور گروپس وغیرہ) کرنا/کروانا نیز کیبل چینلز میں مذہبی چینلز کے ساتھ مدنی چینل چلوانا۔
9. کیبل آپریٹرز کے ہوم چینلز اور شہروں کی مین موبائل مارکیٹس میں مدنی چینل اور سوشل میڈیا کا ڈیٹا (تلاوت مع تفسیر، حمد و نعت اور کڈز کارٹون وغیرہ) دینا۔
10. عوامی مقامات ایئر پورٹس، ریلوے اسٹیشن، بس اسٹاپ وغیرہ پر مدنی چینل اور دیگر ڈیجیٹل سروسز کے کیو آر (QR) کوڈ لگوانا۔
11. مختلف مقامات (اسکولز، کالجز، اکیڈمیز اور گاؤں وغیرہ) پر اسلام فار ایور (Islam forever) اور کڈز مدنی چینل کی پروموشن (Promotion) کرنا۔
12. عاشقانِ رسول کو دعوت اسلامی کی ڈیجیٹل ایپس بالخصوص اسلام فار ایور (Islam forever) متعارف کروانا اور انسٹال کروانے کی کوشش کرنا۔
13. ہفتہ وار اجتماعات، ایونٹس کے اجتماعات اور ہفتہ وار مدنی مذاکروں میں یو ایس بی/میموری کارڈ اور موبائل وغیرہ میں فری ڈیٹا ٹرانسفر کیلئے بستہ (Stall) لگوانا۔
14. مختلف شہروں میں ہونے والے اراکین شوریٰ و دیگر مبلغین کے بیانات او بی OB وین کے ذریعے مدنی چینل پر براہِ راست (Live) کرنے میں معاونت کرنا۔
15. طے شدہ طریقہ کار کے مطابق مدنی چینل اور دعوت اسلامی کے تحت ہونے والے بیانات و دیگر سلسلوں کی ریکارڈنگ کروانا۔
16. اپنے متعلقہ جملہ امور کی تکمیل و ترقی کے لیے جدید تقاضوں کے مطابق پلاننگ (Planning) کرنا نیز طے شدہ کاموں کا نفاذ کرنا۔
17. تنظیمی معلومات سے اپڈیٹ رہنا اور شعبے کے ایس او پیز (SOP's)، جاب ڈسکرپشنز (JD's) کا مطالعہ کرنا نیز کے پی آئیز (KPI's) سمجھنا/سمجھانا۔
18. اپنے ماتحت ذمہ داران کے ایچ آر (اجارہ) اور فنانس کے معاملات دیکھنا نیز شعبے سے متعلقہ موصول ہونے والی شکایات و تجاویز کو حل کرنا/کروانا۔
19. شعبے سے متعلقہ تمام ریکارڈ اپڈیٹ رکھنا/رکھوانا اور طے شدہ کارکردگیاں چیک کرنا نیز مینول/سافٹ ویئر میں درست اور بروقت انٹر کرنا۔
20. ای میلز، واٹس ایپ، کالز، میسجز چیک کرنا اور بروقت (Timely) ریپلائی کرنا نیز منصب کے مطابق نگران کی طرف سے ملنے والے کام بروقت مکمل کرنا/کروانا۔
21. نگران کے ذریعے ماتحت افراد اور شعبے سے متعلق مسائل کی شرعی رہنمائی لینا۔

## منصب کی اہلیت - Job specification

- **دنیاوی تعلیم**: میٹرک (سائنس میں)
- **دینی تعلیم**: 63 دن تربیتی کورس، 41 دن قافلہ کورس، فیضان نماز کورس
- دعوت اسلامی کے دینی ماحول میں 2 سال کا عرصہ — نوٹ:۔ مدنی (درس نظامی کئے ہوئے اسلامی بھائی) کو ترجیح دی جائے گی
- Problem-solving, People Management, Verbal Communication Skill, Leadership

# اپنی دنیا و آخرت کو بہتر کرنے اور دعوتِ اسلامی کے دینی ماحول میں استقامت پانے کے لیے درج ذیل امور پر عمل کی کوشش فرمائیں۔

- روزانہ 2 گھنٹے 12 دینی کاموں بالخصوص قافلہ، مدنی مذاکرہ، نیک اعمال، ہفتہ وار اجتماع اور بڑی راتوں کے اجتماعات میں شرکت فرمائیں نیز ماتحتوں کو بھی ترغیب دلائیں۔
- سنت کے مطابق لباس، داڑھی، زلفیں اور سفید عمامہ وغیرہ اپنائیں۔
- اپنے متعلقہ فرض علوم سیکھیں اور اپنے تحت ذمہ داران کو اسکا ذہن دیں۔
- شعبے کو خود کفیل کرنے کیلئے دیئے گئے (ماہانہ و رمضان عطیات، ٹیلی تھون اور قربانی کی کھالوں وغیرہ کے) اہداف مکمل کرنے کی کوشش کریں۔
- عاشقانِ رسول (شخصیات) کے بچوں کا جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ، دار المدینہ، فیضان آن لائن اکیڈمی اور فیضان اسلامک اسکول سسٹم میں داخلہ کروائیں۔
- غمی خوشی کے مواقع (عیادت، تعزیت، کفن دفن اور شادی وغیرہ) میں شرکت کریں نیز وقتاً فوقتاً علماء و مشائخ اور دنیاوی بااثر افراد سے ملاقات کریں۔
- مکتبۃ المدینہ کی طرف سے شائع کردہ امیر اہلسنت کی تصنیفات اور اسلامک ریسرچ سینٹر (المدینۃ العلمیہ) کی دیگر کتب و رسائل عاشقانِ رسول میں تقسیم کریں۔